نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

گندم کے کاشتکار گوبھ کی حالت میں فصل کو پانی ضرور لگائیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:23 فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کی فصل کو گوبھ کی حالت میں پانی ضرور لگائیں کیونکہ اس وقت سٹہ پودے کے اندر بن کر نکلنے کے مراحل میں ہوتا ہے اور اگر اس وقت پانی نہ دیا جائے تو سٹے چھوٹے رہ جاتے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا کہ درجہ حرارت میں اضافہ کے باعث گندم کی فصل کو آبپاشی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ زرعی ماہرین کے مطابق گندم کی پیداوار میں کمی کا امکان موجود ہوتا ہے جب دن اور رات کا اوسط درجہ حرارت 25 ڈگری سینٹی گریڈ ہو جائے۔ آج کل رات کا درجہ حرارت معمول کے مطابق ہے اور کھیتوں میں اوس دن کے دوران گرمی کے اثرات کو کم کرنے میں معاون ثابت ہو رہی ہے۔ پچھیتی کاشتہ گندم درجہ حرارت مزید بڑھنے سے متاثر ہونے کا امکان ہے جبکہ اگیتی (نومبر کاشت) گندم پر درجہ حرارت میں اضافہ سے قدرے کم بُرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس صورتحال میں گندم کے کاشتکار درجہ حرارت میں اضافہ ہونے پر ہلکی آبپاشی کریں، خاص طور پر 15 مارچ اور اس کے بعد ہلکی آبپاشی کو معمول بنالیں تاکہ گندم کی فصل ہیٹ سٹریس سے محفوظ رہے اور گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ کاشتکار یوریا کھاد کا مزید استعمال نہ کریں کیونکہ سرسبز فصل سست تیلے کے حملے کا باعث بنتی ہے۔ اس کے علاوہ کاشتکار گندم کی فصل پر کنگی کا حملہ پر نظر رکھیں۔ کنگی کا مرض پھپھوندی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ زرد کنگی کا حملہ پتّوں پر ہوتا ہے اور انتہائی شدید حملہ کی صورت میں سٹّے بھی متاثر ہوتے ہیں۔ پودے کے پتوں پر زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے دھبے متوازی قطاروں میں پوڈر کی صورت پائے جاتے ہیں۔ بھوری کنگی کا حملہ عام طور پر نچلے پتوں سے شروع ہوتا ہے جس کی وجہ سے پتے کے اوپر بھورے رنگ کا زنگ نما پوڈر دکھائی دیتا ہے جبکہ سیاہ کنگی کا حملہ میں پتوں اور تنوں پر بیضوی دھبے نمودار ہوتے ہیں جو کہ شروع میں بھورے رنگ کے ہوتے ہیں اور بعد ازاں ان کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے اور سائز میں بڑے ہو جاتے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کی فصل پر کسی بھی بیماری یا ضرررساں کیڑے کے حملہ کی صورت میں کاشتکار محکمہ زراعت توسیع یا پیسٹ وارننگ کے مقامی زرعی ماہرین سے رابطہ کریں۔

☆☆☆☆